# اٹک ریفائنری لمیٹڈ

ARL

# سالانہ اجلاس عام کا نوٹس

بذریعہ نوٹس ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ کمپنی کا بیالیسواں (۴۲واں) سالانہ اجلاس عام ۱۹ اکتوبر ۲۰۲۰ بروز پیر دن ۱۱:۰۰ بجے اٹک ہاؤس، مورگاہ، راولپنڈی میں بذریعہ ویڈیو لنک منعقد ہوگا، جس میں درج ذیل اُمور پر غور کیا جائے گا:

## عام امور:

۱۔ ۳۰ جون ۲۰۲۰ کو ختم ہونے والے سال کے لئے ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کے ساتھ کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی حسابات کو وصول کرنا، اُن پر غور کرنا اور اُن کی منظوری دینا۔

۲۔ ۳۰ جون ۲۰۲۱ کو ختم ہونے والے سال کے لئے آڈیٹرز کا تقرر کرنا اور ان کا معاوضہ طے کرنا۔

۳۔ اجلاس میں پیش کئے جانے والے دیگر اُمور کو چیئرمین کی اجازت سے نمٹانا۔

رجسٹرڈ آفس: — بحکم بورڈ

دی ریفائنری — -Sd/-

مورگاہ، راولپنڈی — سیف الرحمٰن مرزا

۲۸ ستمبر ۲۰۲۰ — کمپنی سیکرٹری

## نوٹ:

### کرونا وائرس (COVID-19) کے پیش نظر سالانہ اجلاس عام کے سلسلے میں ہنگامی منصوبہ بندی:

کرونا وائرس کی موجودہ صورتحال میں درپیش خطرات کے پیش نظر سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے سرکلر نمبر ۵ برائے ۲۰۲۰، مورخہ ۱۷ مارچ ۲۰۲۰ اور سرکلر نمبر ۲۵ برائے ۲۰۲۰، مورخہ ۳۱ اگست ۲۰۲۰، کے ذریعے کمپنیز کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اجلاس عام کے سلسلے میں اپنے معمول کے منصوبے میں ترمیم کریں تا کہ حصہ داران اور عوام الناس کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

اس بناء پر کمپنی اپنا سالانہ اجلاس عام بذریعہ ویڈیو لنک منعقد کرے گی جبکہ ممبران کی لازمی تعداد کی شرائط کی پاسداری کو یقینی بنایا جائے گا۔ ویڈیو لنک کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے لئے ارکان سے درخواست ہے کہ وہ اپنی درج ذیل معلومات کمپنی سیکرٹری آفس کو سالانہ اجلاس عام کے وقت سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل یعنی ۱۷ اکتوبر ۲۰۲۰ دن ۱۱:۰۰ بجے سے پہلے فراہم کر کے رجسٹر کروا لیں۔

| حصص دار کا نام | کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر | فولیو نمبر / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | موبائل نمبر | ای میل پتہ |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

حصص داران سے درخواست ہے کہ وہ بروقت اطلاع کو یقینی بنانے کے لئے اپنا فعال موبائل نمبر اور ای میل فراہم کریں۔

مذکورہ بالا معلومات درج ذیل طریقوں سے فراہم کی جاسکتی ہیں:

الف) موبائل/واٹس ایپ: ۰۳۱۲-۵۰۶۶۳۸۹

ب) ای میل: 42agm@arl.com.pk

ویڈیو لنک کی تفصیلات اور لاگ ان کی معلومات (زوم ایپلیکیشن) انہی حصص داران کو فراہم کی جائیں گی جو اجلاس میں شرکت کا ارادہ ظاہر کرتے ہوئے مذکورہ بالا تمام معلومات ۱۷ اکتوبر ۲۰۲۰ دن ۱۱:۰۰ بجے تک یا اس سے قبل مہیا کر دیں گے۔ حصص داران کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ سالانہ اجلاس عام کے امور کے بارے میں اپنی آراء اور استفسارات مذکورہ بالا رابطہ نمبر/ای میل پتہ کے ذریعے ارسال کریں جن کو اجلاس میں مناسب طریقے سے پیش کیا جائے گا۔

مندرجہ بالا تقاضوں کے مطابق جانچ پڑتال کرنے کے بعد ممبران کو رجسٹر کیا جائے گا۔ رجسٹرڈ ممبران کو ویڈیو لنک کی تفصیلات بذریعہ ای میل فراہم کی جائیں گی۔

### اجلاس میں شرکت کے لئے:

i. کوئی بھی رکن اپنے ایماء پر اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لئے نیابت دار مقرر کر سکتا/سکتی ہے۔ نیابت داری فارم کو موثر ثابت کرنے کے لئے فارم کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں مع مہر و دستخط، اجلاس سے ۴۸ گھنٹے قبل تک موصول ہو جانے چاہئیں۔

ii. افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر کو اپنی شناخت کی تصدیق کے لئے اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی کاپی بذریعہ ای میل (جیسا کہ نوٹس میں درج ہے) سالانہ اجلاس عام سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل فراہم کرنا ہوگی۔

iii. کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ مع نامزد کنندگان کے نمونہ دستخط، بذریعہ ای میل (جیسا کہ نوٹس میں درج ہے) (اگر پیشگی مہیا نہیں کیا گیا) سالانہ اجلاس عام سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل فراہم کرنا ہوگی۔

### نیابت داروں کی تقرری کے لئے:

i۔ افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز اور/یا اشخاص جن کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ریگولیشنز کے مطابق اُن کی رجسٹریشن کی تفصیلات اَپ لوڈ کی جاتی ہیں مندرجہ بالا تقاضوں کے مطابق نیابت داری کا فارم مہیا کریں۔

ii۔ نیابت داری فارم پر دو گواہان کے نام و پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر درج ہوں گے۔

iii۔ نیابت دار مقرر کرنے والا اور نیابت دار مقرر ہونے والا دونوں کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں نیابت داری فارم کے ہمراہ مہیا کرنا ہوں گی۔

iv۔ کارپوریٹ اداروں کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / مختار نامہ مع نامزدگان کے دستخط کا نمونہ (اگر پیشگی مہیا نہیں کیا گیا) جو کارپوریٹ ادارے کی جانب سے پیش ہوگا اور وہ ووٹ دے گا مع نیابت داری فارم کمپنی کو فراہم کرنا ہوگا۔

v۔ ممبران کی جانب سے نیابت دار اجلاس میں ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کرنے کے لئے مندرجہ ذیل معلومات فراہم کرنا ہوں گی ان کی جانچ پڑتال کے بعد ویڈیو لنک کی تفصیلات اور لاگ ان معلومات فراہم کی جائیں گی۔

| نیابت دار کا نام | کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر | فولیو نمبر / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | موبائل نمبر | ای میل پتہ |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

### کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر/قومی ٹیکس نمبر:

وقتاً فوقتاً جاری کردہ ریگولیٹری ہدایات کی تعمیل میں، ممبران جنہوں نے ابھی تک اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) نمبرز اور/یا نیشنل ٹیکس نمبرز (این ٹی این)، جیسی صورتحال بھی ہو، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ جلد از جلد درج ذیل ہدایت کے مطابق اپنے موثر سی این آئی سی اور/یا این ٹی این سرٹیفکیٹس کی کاپیاں فراہم کریں۔

☆ فزیکل حصص کی صورت میں حصص داروں سے گزارش ہے کہ مذکورہ بالا معلومات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو جمع کروائیں۔

☆ حصص سینٹرل ڈیپازیٹری نظام میں رکھنے والے حصص داران مذکورہ بالا معلومات براہ راست متعلقہ شراکت دار/سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کے پاس جمع کروائیں۔

### فائلر اور نان فائلر کیلئے انکم ٹیکس کی کٹوتی:

یکم جولائی ۲۰۲۰ سے انکم ٹیکس آرڈیننس ۲۰۰۱ کی شق ۱۵۰ کے تحت ادا کردہ منافع کی رقم اگر کوئی ہو، انکم ٹیکس کی کٹوتی کی شرح درج ذیل ہوگی۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | انکم ٹیکس کٹوتی کی شرح، جن افراد کے نام فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست میں شامل ہیں | ۱۵ فیصد |
| ۲۔ | انکم ٹیکس کٹوتی کی شرح، جن افراد کے نام فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست میں شامل نہیں ہیں | ۳۰ فیصد |

مشترکہ اکاؤنٹ کی صورت میں ہر اکاؤنٹ ہولڈر کو انفرادی حیثیت میں زیر غور لایا جائے گا کہ اس کا نام فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست میں شامل ہے یا نہیں اور ہر حصہ دار کی حصص داری کی بنیاد پر ٹیکس کٹوتی کی جائے گی جیسا کہ حصص دار نے تحریری طور پر درج ذیل تفصیل کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو دی ہوگی یا اطلاع نامہ نہ ہونے کی صورت میں ہر مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈر کے حصص برابر تصور کئے جائیں گے۔

| کمپنی کا نام | فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | کل شیئرز | اصل شیئر ہولڈر | | مشترکہ شیئر ہولڈر | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | نام اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر | شیئرز کا تناسب (شیئرز کی تعداد) | نام اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر | شیئرز کا تناسب (شیئرز کی تعداد) |
| | | | | | | |

اَب کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ / این ٹی این نمبر لازمی ہے اور ٹیکس سٹیٹس معلوم کرنے کے لئے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ فعال ٹیکس دہندگان فہرست کیلئے ضروری ہے۔

### انکم ٹیکس / زکوٰۃ کٹوتی سے استثنیٰ:

انکم ٹیکس کٹوتی سے استثنیٰ کے خواہشمند اراکین یا کم ریٹ پر کٹوتی کے اہل اراکین مؤثر ٹیکس استثنیٰ سرٹیفکیٹ یا ضروری دستاویزی ثبوت، جو بھی صورت ہو، جمع کرائیں۔ زکوٰۃ کٹوتی نہ کرانے کے خواہشمند اراکین کو زکوٰۃ عدم کٹوتی کیلئے مستند اعلامیہ جمع کرانا ہوگا۔

### حصص کتب منتقلی کی بندش:

کمپنی کے حصص منتقلی کی کتب ۱۳ اکتوبر ۲۰۲۰ تا ۱۹ اکتوبر ۲۰۲۰ (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی اور اس دوران کوئی بھی حصص منتقلی کیلئے قبول نہیں کئے جائیں گے۔ ۱۲ اکتوبر ۲۰۲۰ کاروبار کے اختتام تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔بی، بلاک 'بی'، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی۔ ۷۴۴۰۰، پاکستان میں وصول ہونے والی درست منتقلی سالانہ اجلاس عام کیلئے بروقت تصور ہوں گی۔

### سالانہ مالی حسابات کی ای-میل کے ذریعے ترسیل/ منتقلی:

ایس ای سی پی نے اپنے ایس آر او ۲۰۱۴/(۱)۷۸۷ مورخہ ۸ ستمبر ۲۰۱۴ کے ذریعے حصص داران کو آڈٹ شدہ مالی حسابات ہمراہ اطلاع سالانہ اجلاس عام الیکٹرانک طریقے سے بذریعہ ای میل وصول کرنے کی مرضی کا حق دیا ہے۔ اسی لئے اراکین جو آئندہ سالانہ رپورٹیں اور اطلاع نامہ برائے سالانہ اجلاس عام الیکٹرانک طریقے سے بذریعہ ای میل وصول کرنے کے خواہشمند ہوں، وہ کمپنی کی ویب سائٹ www.arl.com.pk پر رضامندی فارم کے ذریعے اپنے ای میل پتہ جات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کریں۔ تاہم، کمپنی اضافی طور پر ایسے اراکین کو درخواست دینے پر سالانہ رپورٹوں کی مطبوعہ کاپیاں بلا معاوضہ فراہم کرے گی۔

### ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے لئے رضامندی:

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کی سیکشن (۲) ۱۳۲ کے تحت، اگر کمپنی کو کسی ایک جغرافیائی مقام پر رہنے والے بحیثیت مجموعی ۱۰ فیصد یا زائد کے حصہ داران کی طرف سے سالانہ اجلاس عام کی تاریخ سے ۷ یوم قبل ویڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی رضامندی موصول ہو جائے تب کمپنی اس شہر میں ویڈیو کانفرنس سہولت کا اہتمام کرے گی بشرطیکہ اس شہر میں یہ سہولت دستیاب ہو۔ اس سہولت سے استفادہ کے لئے درخواست کمپنی کے کمپنی سیکرٹری کو نیچے دیئے گئے پتہ پر جمع کرائی جائے:

کمپنی سیکرٹری، اٹک ریفائنری لمیٹڈ، ریفائنری پوسٹ آفس، مورگاہ، راولپنڈی۔

### پتہ میں تبدیلی:

اراکین سے گزارش ہے کہ وہ اپنا پتہ تبدیل ہونے کے بارے میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فوری طور پر مطلع کریں۔

### آڈٹ شدہ مالی حسابات کی کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیابی:

کمپنی کے ۳۰ جون ۲۰۲۰ کو ختم ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ مالی حسابات اور اس کے علاوہ گزشتہ سالوں کے سالانہ اور سہ ماہی مالی حسابات کمپنی کی ویب سائٹ www.arl.com.pk پر مہیا کر دیئے گئے ہیں۔

### منافع کی ادائیگی بذریعہ الیکٹرانک طریقہ کار (لازمی):

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷، کی سیکشن ۲۴۲ کے تحت لسٹڈ کمپنی کے لئے اپنے حصہ داران کو منافع صرف بذریعہ الیکٹرانک طریقہ کار ان کے مقررہ بینک اکاؤنٹ میں براہ راست منتقل کرنا لازمی ہے۔ بینک اکاؤنٹ میں منافع براہ راست وصول کرنے کیلئے ایسے حصہ داران جن کے پاس فزیکل حصص ہیں ان سے درخواست ہے کہ وہ کمپنی کی ویب سائٹ www.arl.com.pk پر دستیاب ای ڈیویڈنڈ فارم پر کریں اور دستخط شدہ فارم مع کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔بی، بلاک 'بی'، ایس۔ایم۔سی۔ایچ۔ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی۔ ۷۴۴۰۰، پاکستان کو ارسال کریں۔ حصص سی ڈی سی کے پاس ہونے کی صورت میں ای ڈیویڈنڈ فارم لازمی طور پر شیئر ہولڈرز کے بروکر/شراکت دار/سی ڈی سی اکاؤنٹ سروسز کے پاس جمع کرائے جائیں۔

بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات کی عدم فراہمی یا نامکمل فراہمی کی صورت میں کمپنی ان حصہ داران کا منافع روکنے کی پابند ہوگی جنہوں نے مطلوبہ تفصیلات فراہم نہیں کی ہوں گی۔

### غیر کلیم شدہ منافع اور غیر منقسم شدہ شیئر سرٹیفکیٹس:

پہلے کمپنی نے اپنی ذمہ داری پوری کرتے ہوئے کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کی شق ۲۴۴ کے تحت حصہ داران سے رابطہ کیا تھا کہ وہ اپنے غیر کلیم شدہ منافع اور غیر منقسم شدہ شیئرز سرٹیفکیٹس کے لئے قانون کے مطابق کلیم داخل کریں۔

حصہ داران جن کے منافع ابھی تک غیر کلیم شدہ ہیں اور شیئرز سرٹیفکیٹس کمپنی کے پاس ہیں ایک دفعہ دوبارہ ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے غیر کلیم شدہ منافع اور غیر منقسم شیئرز سرٹیفکیٹس کے لئے کمپنی سے رابطہ کریں۔

### فزیکل حصص سی ڈی سی اکاؤنٹ میں جمع کرانا:

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۷۲ کی رو سے ہر موجودہ لسٹڈ کمپنی اپنے فزیکل حصص کی جگہ ان کی ''بک انٹری'' کی شکل میں تبدیل کرنے کے لئے کمیشن کی طرف سے طے کئے گئے طریقہ کار کے مطابق، نوٹیفکیشن کی تاریخ سے کرنے کی پابند ہے۔ یہ مدت ایکٹ کے اجراء یعنی ۳۰ مئی ۲۰۱۷ سے چار سال تک سے تجاوز نہیں کرنی چاہئے۔

جن حصص داران کے پاس فزیکل حصص موجود ہیں، ان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی بروکر کے ذریعے اپنے سی ڈی سی اکاؤنٹ یا براہ راست سی ڈی سی سب اکاؤنٹ یا براہ راست سی ڈی سی میں اپنا انویسٹر اکاؤنٹ کھلوائیں تا کہ ان کے فزیکل حصص بک انٹری میں تبدیل کئے جاسکیں، جو کئی لحاظ سے سہولت کا باعث بنیں گے، مثلاً حصص محفوظ تحویل میں رہیں گے اور وہ جب چاہیں انہیں فروخت کر سکیں گے، کیونکہ پاکستان سٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کے مروجہ قواعد کی رو سے فزیکل حصص کی خرید و فروخت کی اب اجازت نہیں ہے۔